Synopsis for Ph.D in Urdu

Title

شموئل احمد کی فکشن نگاری کا تنقیدی مطالعہ

(Shamoil Ahmad ki Fiction Nigari Ka Tanqeedi Mutala)

Name of the Research Scholar

Md Maroof Alam

Mobile No: 9572967338

Roll No: 10

Enrolment No : E2220003

University Department of Urdu

Lalit Narayan Mithila University ,Darbhanga

Bihar

Synopsis For Ph.D Degree in Urdu

(Faculty of Humanities)

L.N.M.U Kameshwarnagar,Darbhanga,

Bihar

Name of the Scholar : **Md Maroof Alam**

Name of the Supervisor :

موضوع کا تعارف (Introduction of Topic)

اردو کے منفرد و ممتاز فکشن نگار، جنسی نفسیات کی حامل کہانیاں لکھنے کے لئے مشہور اور ماہر علم نجوم شموئل احمد کی پیدائش 4 مئی 1943ء کو صوبہ بہار کے ضلع بھاگلپور میں ہوئی۔ انہوں نے سول انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی اور حکومت بہار کے شعبہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں چیف انجینئر کے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ وہ اپنے بے باک اسلوب اور منفرد لب و لہجے کے لئے جانے جاتے ہیں۔ ان کا دلکش اسلوب، فنی رویہ اور تخلیقی مزاج انہیں اپنے ہمعصروں میں ممتاز بناتا ہے۔ انہوں نے اپنے افسانوں، ناولوں اور دیگر نگارشات کے ذریعہ اردو ادب کے دامن میں بیش بہا اضافہ کیا۔ ان کا پسندیدہ موضوع جنس و رومان رہا ہے۔ وہ اپنی کہانیوں میں جبر و تشدد اور استحصال کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔ ان کا فکشن گہری نفسیات کا حامل ہے۔ جنس کی جمالیات پر انہوں نے خصوصی توجہ دی اور جنسی نفسیات اور اس کی پیچیدگیوں کو اپنی کہانیوں میں بہت کامیابی سے پیش کیا۔ انہوں نے عصری، سماجی اور سیاسی شعور سے بھرپور کہانیاں بھی تحریر کیں۔

شموئل احمد کو علم نجوم سے بھی گہرا شغف رہا ہے۔ علم نجوم کی اصطلاحات کا تخلیقی اظہار انہوں نے اپنی کہانیوں 'مصری کی ڈلی'، 'چھگمانس'، 'اقمبوس کی گردن' وغیرہ میں فنی چابکدستی کے ساتھ کیا ہے۔ انہوں نے ٹیلی اسکرپٹ بھی تحریر کیا۔ دوردرشن نے ان کے افسانوں 'آنگن کا پیڑ'، 'کاغذی پیرہن' اور مرگ ترشنا پر کامیاب فلمیں بنا کر پیش کی ہیں۔ ان کو ہندی اور انگریزی میں بھی یکساں قدرت حاصل تھی۔ انہوں نے ہندی اور انگریزی سے اردو میں تراجم بھی کئے۔ اب تک انہوں نے بالترتیب پانچ افسانوی مجموعے بگولے، سنگھاردان، اقمبوس کی گردن، عنکبوت اور کوچۂ قاتل کی طرف اور چار ناول و ناولٹ: ندی، مہاماری، گرداب، چمراسر اور ایک

Md Maroof Alam
15/04/2024

[handwritten initials] 15/4/24

خودنوشت 'اے دل آوارہ' کے نام سے تحریر کیا۔ مجموعی طور پر اب تک ان کی بے شمار کتابیں اور کہانیاں منظر عام پر آچکی ہیں۔ ان کو بہترین فکشن نگاری کے لئے مجلس عالمی فروغ اردو ادب دوحہ۔قطر کے عالمی اعزاز سے 2012ء میں نوازا گیا۔

مابعد جدید فکشن نگاروں میں شموئل احمد کا نام سرفہرست ہے۔ حکومت بہار کے شعبۂ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں مختلف شعبہ جاتی مصروفیات کے باوجود انہوں نے اپنی نگارشات کے ذریعہ اردو ادب کے دامن میں بیش بہا اضافہ کیا۔ انہوں نے خود ماحول بنایا اور ذاتی شوق و دلچسپی سے فکشن نگاری کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیتے ہوئے 25 دسمبر 2022ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔

اغراض ومقاصد (Objectives of Reseach)

میرے مقالے کے مندرجہ ذیل اغراض ومقاصد ہیں:

1 شموئل احمد کی سوانح اور ادبی شخصیت کا مختصر جائزہ

2 شموئل احمد کے فن، اسلوب اور تکنیک کا تنقیدی مطالعہ

3 شموئل احمد کے افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ

4 شموئل احمد کے ناولوں کا تنقیدی وتجزیاتی جائزہ

5 علم نجوم اور جنسی نفسیات کی حامل کہانیوں کا بغور مطالعہ

تحقیق کے حدود (Research Coverage)

اس مقالہ میں نامور ادیب، ممتاز مابعد جدید فکشن نگار، جنسی نفسیات کی حامل کہانیاں لکھنے کے لئے مشہور اور ماہر علم نجوم شموئل احمد کی سوانح اور شخصیت کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان کے افسانوں، ناولوں اور دیگر ادبی نگارشات کا تنقیدی مطالعہ کیا جائے گا۔ فن، اسلوب اور موضوعاتی مباحث سے سروکار رہے گا۔ سیاسی، سماجی، جنسی نفسیات، ٹیلی اسکرپٹ اور علم نجوم کی اصطلاحات پر مبنی کہانیوں کی درجہ بندی کی جائے گی۔ دنیائے ادب میں ان کا مقام ومرتبہ متعین کرتے ہوئے ان کے نگارشات اور فکشن کے امتیازات کو اجاگر کیا جائے گا۔

18/4/24

Md Maroof Alam
15/04/2024

تحقیقی کام سے اردو زبان وادب میں اضافہ:

(Contribution of Research Work to the Discipline of Urdu Language and Literature)

اس مقالہ میں شموئل احمد کی ادبی خدمات کا بالاستیعاب مطالعہ کر کے فکشن نگاری کے حوالے سے مخفی پہلوؤں اور گوشوں کو اجاگر کر کے اردو زبان وادب میں ان کا بے باک اسلوب اور منفرد دلب ولہجہ سے روشناس کرایا جائے گا۔ جنسی نفسیات کی حامل کہانیوں کو تجزیاتی تشریح وتوضیح کی روشنی میں پیش کیا جائے گا۔ علم نجوم کی اصطلاحات کے فنکارانہ استعمال پر خصوصی زور رہے گا۔ افسانوی ادب میں آسان زبان وبیان میں اپنے افکار وخیالات پیش کرنے کے سلیقہ سے روبرو کرایا جائے گا۔ علاوہ ازیں فکشن نگاری کے میدان میں تنقید وتحقیق کا دائرہ بھی وسیع ہوگا۔

مجوزہ موضوع پر موجود تحقیق (Existing Research in this Area)

میری معلومات اور تلاش وجستجو کے مطابق شموئل احمد کی فکشن نگاری کے حوالے سے کوئی منظم تنقیدی وتحقیقی کام ہوا ہے نہ ان کے ادبی کارنامے وخدمات سے متعلق کوئی مفصل کتاب دستیاب ہے البتہ ان کی افسانہ نگاری وناول نگاری سے متعلق چند مضامین وتبصرے منتشر ملتے ہیں لیکن ان کے ادبی کارناموں کے حوالے سے تحقیقی وتنقیدی تحریریں نہیں ملتیں۔ اس لئے ان کی فکشن نگاری کے حوالے سے ایک جامع تحقیقی وتنقیدی کام کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تا کہ فکشن نگاری میں ان کی قدر ومنزلت کی تعیین دنیائے ادب میں ہو سکے۔

مواد کی فراہمی کے وسائل

دوران تحقیق مندرجہ ذیل طریقے سے مواد حاصل کیا جائے گا:

۱۔ ہندوستان کی مختلف جامعات کے کتب خانوں سے بنیادی اور ثانوی مواد حاصل کیا جائے گا۔

۲۔ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی اور ریاستی اردو اکادمیوں کے کتب خانوں سے مواد حاصل کیا جائے گا۔

۳۔ مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور ریسرچ اسکالروں سے گفتگو کے ذریعے مواد حاصل کیا جائے گا۔

۴۔ مختلف ناقدین اور محققین سے بات چیت اور انٹرویو کے ذریعے مواد حاصل کیا جائے گا۔

۵۔ مختلف رسائل وجرائد، اخبارات، مستند کتابیں اور میگزین سے مواد حاصل کیا جائے گا۔

۶۔ انٹرنیٹ، سوشل میڈیا اور ریختہ ڈاٹ کام پر موجود مواد کا بھرپور استعمال کیا جائے گا۔

۷۔ شموئل احمد کے باحیات متعلقین ومعاصرین سے ملاقات اور انٹرویو کے ذریعہ مواد حاصل کیا جائے گا۔

15/4/24

Md Maroof Alam
15/04/2024

تحقیق کا طریق کار / طریقۂ تحقیق (Research Methodologies)

اس مقالہ میں تحقیق کے اصول وضوابط کی روشنی میں سائنٹفک طریقہ ءکار اور معروضی انداز کو اپناتے ہوئے شموئل احمد کے افسانوں اور ناولوں کے حوالے سے تحقیقی وتنقیدی گفتگو کی جائے گی۔ فن، اسلوب اور موضوعاتی مباحث کو خصوصی اہمیت دی جائے گی۔ مقالے کی تیاری میں ان تمام وسائل وذرائع کو استعمال کرنے کی کوشش کی جائے گی جس سے مقالہ کو بہتر سے بہتر شکل میں پیش کیا جاسکے۔ علاوہ ازیں اساتذہ وماہرین وغیرہ سے رابطہ کر کے شموئل احمد کے ناولوں اور افسانوں کے فن، تکنیک، موضوع اور اسلوب کو سمجھنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس موضوع کو مندرجہ ذیل طریقہ ہائے تحقیق کے ذریعے زیر بحث لایا جائے گا:

تحقیقی طریقہ ءکار

تنقیدی طریقہ ءکار

معروضی طریقہ ءکار

تجزیاتی طریقہ ءکار

فنی طریقہ ءکار

تکنیکی طریقہ ءکار

موضوعاتی طریقہ ءکار

اسلوبیاتی طریقہ ءکار

حاصل مطالعہ (Conclusions)

اس کے تحت مقالہ میں بحث وتمحیص کے بعد جملہ نتائج کو پیش کیا جائے گا۔ شموئل احمد کی فکشن نگاری میں موضوعات، اسلوب، فن اور تکنیک کی سطح پر ہونے والے نت نئے تجربات اور ان سے حاصل شدہ مثبت ومنفی نتائج کو پیش کرتے ہوئے ان کی اہمیت وافادیت اور امتیازات وخصوصیات کو واضح کیا جائے گا۔

Md Maroof Alam
15/04/2024

15/4/24

مجوزہ ابوب بندی:(Work Design of the Proposed Work)

Introdunction ابتدائیہ

Chapter I- Shamoil Ahmad :Sawaneh wa Shakhsiyat باب اول : شموئل احمد: سوانح وشخصیت

Chapter II- Shamoil Ahmad Ki Afsana Nigari باب دوم : شموئل احمد کی افسانہ نگاری

Chapter III-Shamoil Ahmad Ki Novel Nigari باب سوم : شموئل احمد کی ناول نگاری

Chapter IV-Shamoil Ahmad Naqideen Ki Nazar Mein باب چہارم : شموئل احمد ناقدین کی نظر میں

Chapter V-Shamoil Ahmad Bahaisiyat Fiction Nigar ,Maqam o Martaba باب پنجم : شموئل احمد بحیثیت فکشن نگار، مقام ومرتبہ

Conclusion حاصل مطالعہ

Bibliography کتابیات

15/04/2024

Md Maroof Alam

(Signature of the Supervisor)دستخط نگراں (Signature of the Researcher)دستخط تحقیق کار

Dr Ghulam Sarwar
Associate professor & Head
University department of Urdu
LN Mithila University Darbhanga

Date......

بنیادی ماخذ:

نمبر شمار	مصنف	کتاب کا نام	ناشر	مقام اشاعت	سن اشاعت
۱	شموئل احمد	بگولے	سرخاب پبلی کیشنز	پٹنہ	1988ء
۲	شموئل احمد	ندی	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	1995ء
۳	شموئل احمد	سنگھاردان	معیار پبلی کیشنز	نئی دہلی	1996ء
۴	شموئل احمد	القمبوس کی گردن	نشاط پبلی کیشنز	پٹنہ	2002ء
۵	شموئل احمد	مہاماری	نشاط پبلی کیشنز	پٹنہ	2003ء
۶	شموئل احمد	شریسٹھ کہانیاں	ڈائمنڈ پاکٹ بکس	نئی دہلی	2009ء
۷	شموئل احمد	عنکبوت	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	2010ء
۸	شموئل احمد	اردو کی نفسیاتی کہانیاں	ارم پبلیکیشنگ ہاؤس	پٹنہ	2014ء
۹	شموئل احمد	اے دل آوارہ	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	2015ء
۱۰	شموئل احمد	گرداب	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	2016ء
۱۱	شموئل احمد	کیکٹس کے پھول	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	2018ء

Md Maroof Alam
15/04/2024

ثانوی ماخذ:

نمبر شمار	مصنف	کتاب کا نام	ناشر	مقام اشاعت	سن اشاعت
۱	وقار عظیم	نیا افسانہ	ایجوکیشنل پبلکیشنگ ہاؤس	علی گڑھ	1982ء
۲	ڈاکٹر نکہت ریحانہ خان	اردو مختصر افسانہ: فنی و تکنیکی مطالعہ	ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس	دہلی	1984ء
۳	قمر رئیس	نیا افسانہ مسائل اور میلانات	اردو اکادمی	دہلی	1992ء
۴	علی حیدر ملک	افسانہ اور علامتی افسانہ	خاکف بک ڈپو	مٹیا محل دہلی	1999ء
۵	گوپی چند نارنگ	اردو افسانہ روایت اور مسائل	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	دہلی	2000ء
۶	وارث علوی	فکشن کی تنقید کا المیہ	آج کی کتابیں	کراچی	2000ء
۷	صبا اکرم	جدید افسانہ، چند صورتیں	زین پبلی کیشنز	کراچی	2001ء
۸	ڈاکٹر صغیر افراہیم	اردو فکشن: تنقید اور تجزیہ	مسلم ایجوکیشنل پریس	بنی اسرائیلان علی گڑھ	2003ء
۹	عبدالصمد	آئینہء ایام میں آج اپنی ادا دیکھ (خاکہ)	نیا ورق	ممبئی	شمارہ نمبر _23_ 2006ء
۱۰	گوپی چند نارنگ	نیا اردو افسانہ	اردو اکادمی	دہلی	2010ء
۱۱	پرویز شہریار	شموئل احمد کی افسانہ نگاری	نیا ورق	ممبئی	شمارہ نمبر_41_ 42_2014ء
۱۲	شیخ عقیل احمد	تجزیہ نملوس کا گناہ	نیا ورق	ممبئی	شمارہ نمبر_41_ 42 2014ء
۱۳	شہناز رحمٰن	اردو فکشن_ تفہیم، تعبیر اور تنقید	روشان پرنٹرس	دہلی	2016ء
۱۴	محمد اقبال	شموئل احمد کی افسانہ نگاری	ایجوکیشنل پبلیکیشنگ ہاؤس	نئی دہلی	2020ء
۱۵	ڈاکٹر محمد غالب نشتر	شموئل احمد کا ناولٹ "ندی" تجزیاتی مطالعہ		ادبی میراث	2020ء
۱۶	ڈاکٹر محمد غالب نشتر	شموئل احمد کی ناول نگاری		ادبی میرٹ	2021ء

Md Maroof Alam
15/04/2024